# UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE

## PUBLIC NOTICE

# Preparation of Mandatory Documents for Admission into Government Medical and Dental Colleges of Punjab, Session 2023-24

The process for admission to Government Medical and Dental Colleges in the province of Punjab for the Session 2023-24 will commence in October. Before that, prospective candidates are advised to prepare the following mandatory documents in advance to avoid any difficulties while submitting their applications online. Please note that these documents are of mandatory nature, and without them, the admission form shall not be accepted:

## 1. Domicile Certificate:

The Punjab Domicile is a mandatory document for candidates. Any other document such as an identity card, B-form, passport, or birth certificate will not substitute for the Punjab Domicile. Similarly, a receipt of application submitted for issuance of domicile of the candidate or parent's domicile on behalf of the candidate shall not be acceptable. Please keep in mind the following conditions regarding the domicile:

i. Candidates having a domicile of Islamabad (ICT) can apply for Open Merit seats in Punjab.

ii. Overseas Pakistanis/residents with dual nationality do not require a domicile for applying to their quota seats.

iii. For candidates applying on seats reserved for the students of Under-Developed Districts (Dera Ghazi Khan, Layyah, Rajanpur, Muzaffargarh, Lodhran, Mianwali, and Bhakkar) and Cholistan, it is mandatory to have a domicile of the relevant district. In the case of D.G. Khan and Rajanpur districts, candidates applying for tribal area-specific seats must have "Tribal Area" mentioned on their domiciles. Similarly, for Cholistan seat, candidates must have "Cholistan" mentioned on their domicile certificates.




## 2. Educational Documents and Their Attestation:

i. As per the Higher Education Commission's letter dated May 18, 2023, all candidates are required to get their Matriculation and F.Sc (Pre-Medical) certificates or result cards attested by the Inter Boards Coordination Commission (IBCC).

ii. Candidates with foreign educational qualifications (such as A-levels, IB, American/Canadian 12th grade, etc.) must:

   a. Submit an Equivalence Certificate or Provisional Equivalence Letter for the equivalent educational qualification of their 10th and 12th grade examinations, issued and duly attested by IBCC.

   b. Candidates who have not received equivalence for "Pre-Medical Group" in 12th grade examination from IBCC must submit the result card issued by the relevant board or university (e.g., Cambridge or Edexcel) along with their application, proving that Biology, Chemistry, and Physics/Mathematics were their subjects in the 11th and 12th grades.

## 3. Identity Documents:

i. Identity documents include the Computerized National Identity Card (CNIC), National Identity Card for Overseas Pakistanis (NICOP), Pakistan Origin Card (POC), B-Form/ Child Registration Certificate (CRC), and Passport. The candidate must submit at least one of the aforementioned documents.

ii. Along with the application form, the candidate must upload an identity document of one of the parents (Father/Mother).

iii. Pakistani students residing abroad and holders of dual nationality applying for their reserved seats must upload one of the following documents:

**Iqama or Residence Permit or Green Card or Foreign Passport**

**Note:** For candidates residing in Kingdom of Saudi Arabia (KSA), it is mandatory to submit a digital copy of their Iqama downloaded from the Absher or Ministry of Interior, KSA, official website, displaying the expiry date of the permit, along with the printed copy of their Iqama.

iv. Identity documents with an expiry date that has passed before the application deadline shall not be accepted under any circumstances.

## 4. Special Documents:

These are the documents required specifically for applying to Quota Seats. They are not necessary for candidates applying solely on open merit.

i. Candidates applying for reserved seats for Underdeveloped Districts must submit an Education Verification Certificate (a template is available on the UHS website) as proof that the candidate has obtained education from their respective district from the first class to the twelfth class. This certificate must bear the signatures and seals of the heads of all educational institutions (schools and colleges) from which the candidate got his/her education. The verification of this certificate shall be done by the respective Chief Executive Officer (District Education Authority) and Director of Education (Colleges). Additionally, the Deputy Commissioner of the relevant district shall also attest this certificate.

ii. In addition to this Education Verification Certificate, these candidates must also upload their School Leaving Certificates/ Character Certificates/Provisional Certificates from their respective educational institution.

iii. Candidates aspiring to apply for Cholistan's reserved seat must upload the Cholistan Development Authority-issued certificate (a template is available on the UHS website) as proof that the candidate is a Cholistani by birth and that his/her current place of residence is in Cholistan.

iv. Candidates with physical disabilities applying for their reserved seats must submit a Disability Certificate issued by the National Council for Rehabilitation of Disabled Persons (NCRDP), Ministry of Social Welfare, or the Provincial/District Social Welfare Department. Based on this certificate, they shall be presented before a Medical Board, which will assess their eligibility for admission to medical/dental colleges.

## 5. Photograph, Thumbprint, and Signature:

i. The candidate must upload a recent photograph along with the admission form. The photograph should not be older than one month. It should be in color, with a white background, and the candidate's face must be clearly visible. Female candidates are allowed to wear a dupatta or headscarf, but their faces must not be covered. The photograph must not include caps, hats, or sunglasses. Candidates are instructed not to edit/touch-up their photographs.

ii. The candidate has to sign on white paper with blue ink in running hand and also provide their left thumbprint. The photograph of this document should also be uploaded with the admission form.

## Important Instructions for Digitizing Documents for Upload:

i. It should be noted that the candidate will fill out the admission application online through the portal. Therefore, they should have soft copies of all the documents mentioned above saved on their computer or mobile device.

ii. The candidate should prepare soft copies of all documents only in JPG/JPEG format. For this purpose, they can use apps like CamScanner.

iii. The file size should not exceed 2 MB per document.

iv. Upload the images of all original documents only. Photocopies of documents shall not be accepted.

v. Every document's image should be clear and readable. Blurred or illegible documents shall be rejected.

vi. Documents that have printing on both sides, such as identity cards, passports, etc., should be prepared as separate files for both front and back sides.

vii. Save each document file with a unique name, and before uploading, ensure that you are uploading the correct document.

viii. Verification of educational documents is usually done on the backside of the documents. In such cases, the candidate must upload images of both the front and back sides.

ix. For documents in languages other than English or Urdu (e.g., Arabic, Persian, Chinese, Spanish, Italian, etc.), candidates must also upload their official notarized/certified English translations.

## PLEASE NOTE!

It is the responsibility of the candidate to upload the right documents in the correct manner. Submission of incorrect documents or failure to upload documents properly shall result in the rejection of the candidate's application without any notice for which the university shall not be responsible. Candidates are advised to prepare their documents in a timely manner according to the given instructions. For creating soft files of their documents, candidates may seek assistance from an expert or a trusted person. Furthermore, candidates are warned against uploading any fake or fabricated documents. Otherwise, their applications will be instantly rejected, and legal action may be taken against them.

For further information, please visit the University of Health Sciences' official website (www.uhs.edu.pk).

**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**
Vice Chancellor
University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph: 042-99231305-09

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

# پبلک نوٹس

## پنجاب کے سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلہ برائے سیشن 24-2023 کیلئے لازمی دستاویزات کی پیشگی تیاری

صوبہ پنجاب کے سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلہ برائے سیشن 24-2023 کا عمل اکتوبر میں مشتہر کیا جائے گا۔اس سے قبل داخلے کے خواہشمند امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل دستاویزات پیشگی تیار کرلیں تاکہ انھیں آن لائن درخواست جمع کراتے ہوئے کوئی مشکل درپیش نہ آئے۔یادرہے کہ یہ تمام دستاویزات لازمی نوعیت کی ہیں اوران کے بغیر داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا:

THIS IS NOT AN ALERT ADMISSION ADVERTISEMENT

### (1) ڈومیسائل سرٹیفیکٹ

امیدوار کا پنجاب ڈومیسائل لازمی دستاویز ہے۔کوئی اور دستاویز جیسے کہ شناختی کارڈ یا ب فارم یا پاسپورٹ یا برتھ سرٹیفیکٹ وغیرہ ڈومیسائل کا نعم البدل نہیں ہے۔اسی طرح والدین میں سے کسی ایک کا ڈومیسائل یا امیدوار کی ڈومیسائل کیلئے جمع کرائی گئی درخواست کی رسید بھی قابل قبول نہ ہوگی۔ڈومیسائل کے حوالے سے درج ذیل شرائط ذہن نشین رہیں:

(i) اوپن میرٹ سیٹوں پر داخلے کیلئے اسلام آباد (ICT) کا ڈومیسائل رکھنے والے بھی درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

(ii) سمندر پار پاکستانیوں/دہری شہریت کے حامل امیدواروں کیلئے مخصوص سیٹوں پر درخواست دینے کیلئے ڈومیسائل کی ضرورت نہیں۔

(iii) پسماندہ اضلاع (ڈیرہ غازی خان، لیہ، راجن پور، مظفر گڑھ، لودھراں، میانوالی اور بکھر) اور چولستان کیلئے مخصوص سیٹوں پر داخلے کی درخواست دینے کیلئے امیدوار کا متعلقہ ضلع کا ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔ڈی جی خان اور راجن پور کے اضلاع میں قبائلی علاقے (Tribal Area) کیلئے مخصوص سیٹوں پر درخواست دینے کیلئے امیدوار کے ڈومیسائل پر " Tribal Area " درج ہونا چاہیے۔اسی طرح چولستان کیلئے مخصوص سیٹ پر اپلائی کرنے کیلئے امیدوار کے ڈومیسائل پر "چولستان" درج ہونا چاہیے۔

### (2) تعلیمی اسناد اور انکی تصدیق

(i) ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے 18 مئی 2023ء کے مراسلے کی رو سے تمام امیدواروں کیلئے اپنی میٹرک اور ایف ایس سی (پری

میڈیکل) کی سند یا رزلٹ کارڈ کو انٹر بورڈ ز کوآرڈینیشن کمیشن (آئی بی سی سی) سے تصدیق (Attest) کرانا لازمی ہے۔ آئی بی سی سی سے تصدیق شدہ تعلیمی اسناد جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدوار کی درخواست مسترد کر دی جائیگی۔

(ii) غیر ملکی تعلیمی اہلیت (جیسا کہ اے لیول، آئی بی، امریکن / کینیڈین 12th گریڈ وغیرہ) رکھنے والے امیدواروں کیلئے لازمی ہے کہ:

(a) وہ اپنی دسویں اور بارہویں جماعت کی مساوی تعلیمی اہلیت کا ایکوویلنس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) یا عبوری ایکوویلنس لیٹر (Provisional Equivalence Letter) جمع کرائیں جو کہ آئی بی سی سی کا جاری کردہ اور تصدیق شدہ ہو۔

(b) ایسے امیدوار جنھیں آئی بی سی سی سے "پری میڈیکل" کی ایکوویلنس نہ ملی ہو وہ متعلقہ بورڈ یا یونیورسٹی (کیمبرج یا ایڈکسل وغیرہ) کا جاری کردہ رزلٹ کارڈ ز بھی درخواست کے ساتھ جمع کرانے کے پابند ہوں گے جن سے یہ ثابت ہو کہ گیارہویں اور بارہویں جماعت میں ان کے مضامین میں بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس / میتھ شامل تھے۔

## (3) شناختی دستاویزات

(i) شناختی دستاویزات میں قومی کمپوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC)، قومی شناختی کارڈ برائے سمندر پار پاکستانی (NICOP)، پاکستان اوریجن کارڈ (POC)، ب فارم یا چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (CRC) اور پاسپورٹ شامل ہیں۔ امیدوار کو درج بالا دستاویزات میں سے کوئی ایک دستاویز لازماً جمع کرانا ہوگی۔

(ii) امیدوار کے والدین میں سے کسی ایک کی شناختی دستاویز بھی درخواست فارم کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوگی۔

(iii) سمندر پار پاکستانیوں اور دہری شہریت کے حامل طلبہ کیلئے مخصوص نشستوں پر درخواست دینے کیلئے امیدوار کو درج ذیل دستاویزات میں سے کوئی ایک اپ لوڈ کرنا ہوگی:

**اقامہ یا ریزیڈنس پرمٹ یا گرین کارڈ یا غیر ملکی پاسپورٹ**

نوٹ: سعودی عرب میں رہائش پذیر امیدواروں کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ اپنے اقامہ کی پرنٹ کاپی کے ساتھ ابشر (Absher) یا منسٹری آف انٹیریئر کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کی گئی اقامہ کی ڈیجیٹل کاپی بھی جمع کرائیں جس پر اقامہ کی تاریخ تنسیخ (Expiry Date) درج ہوتی ہے۔

(iv) ایسی شناختی دستاویزات جن کی تاریخ تنسیخ (Expiry Date) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل گزر چکی ہو وہ ہرگز قابل قبول نہ ہوں گے۔

## (4) خصوصی دستاویزات

ان میں وہ دستاویزات شامل ہیں جو مخصوص نشستوں (Quota Seats) پر اپلائی کرنے کیلئے لازمی ہیں۔ محض اوپن میرٹ پر درخواست دینے کیلئے ان کی ضرورت نہیں۔

(i) پسماندہ اضلاع (**Underdeveloped Districts**) کیلئے مخصوص نشستوں پر درخواست دینے والے

امیدواروں کو ایک ایجوکیشن ویریفیکیشن سرٹیفیکیٹ جمع کرانا ہوگا (نمونہ یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے) جس سے ثابت ہو کہ امیدوار نے پہلی جماعت سے لیکر بارہویں جماعت تک تعلیم اپنے متعلقہ ضلع سے حاصل کی ہے۔ اس سرٹیفیکیٹ پر ان تمام تعلیمی اداروں (سکول اور کالج) کے سربراہان کے دستخط اور مہر ہونا ضروری ہے جہاں سے امیدوار نے تعلیم حاصل کی۔ اس سرٹیفیکیٹ کی تصدیق متعلقہ ضلع کے سی ای او (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اور ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) کریں گے۔ مزید برآں متعلقہ ضلع کا ڈپٹی کمشنر بھی اس سرٹیفیکیٹ پر مہر تصدیق ثبت کرے گا۔

(ii) اس ایجوکیشن ویریفیکیشن سرٹیفیکیٹ کے ساتھ ساتھ امیدوار اپنے متعلقہ تعلیمی ادارے کے سکول لیونگ سرٹیفیکیٹس / کریکٹر سرٹیفیکیٹس / پروویژنل سرٹیفیکیٹس بھی درخواست فارم کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوں گے۔

(iii) **چولستان کیلئے مخصوص نشست** پر داخلے کے خواہشمند امیدوار چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا جاری کردہ سرٹیفیکیٹ اپ لوڈ کرنے کے پابند ہوں گے (نمونہ یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے) جس سے یہ ثابت ہو کہ امیدوار پیدائشی چولستانی ہے اور یہ کہ اس کی اصل موجودہ رہائش گاہ چولستان میں ہے۔

(iv) **جسمانی معذوری کا شکار طلبہ** کیلئے مخصوص نشستوں پر داخلے کے خواہشمند امیدواروں کیلئے لازمی ہے کہ وہ قومی کونسل برائے بحالی معذوراں (NCRDP)، وزارت سماجی بہبود یا صوبائی / ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ معذوری کا سرٹیفیکیٹ (Disability Certificate) جمع کرائیں۔ اس سرٹیفیکیٹ کی بنیاد پر انھیں میڈیکل بورڈ کے سامنے پیش کیا جائے گا جو میڈیکل / ڈینٹل کالجوں میں داخلے کے حوالے سے ان کی اہلیت کا فیصلہ کرے گا۔

## (5) فوٹوگراف، انگوٹھے کا نشان اور دستخط

(i) داخلہ فارم کے ساتھ امیدوار کا فوٹوگراف بھی اپ لوڈ ہوگا۔ فوٹوگراف ایک ماہ سے زیادہ پرانا کھنچا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ فوٹوگراف رنگین (Colored) اور اس کا پس منظر سفید ہونا چاہیے۔ فوٹوگراف میں امیدوار کا چہرہ واضح نظر آ رہا ہو۔ لڑکیوں کو سر پر سکارف یا دوپٹہ لینے کی اجازت ہے تاہم اس سے ان کا چہرہ نہ چھپ رہا ہو۔ فوٹوگراف میں ٹوپی، ہیٹ اور سن گلاسز کی اجازت نہیں۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی فوٹوگراف کو ہرگز ایڈٹ نہ کریں۔

(ii) امیدوار ایک سفید کاغذ پر نیلی سیاہی سے اپنے دستخط کرے اور اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان ثبت کرے۔ اس کاغذ کی فوٹو بھی درخواست فارم کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوگی۔

## دستاویزات کی کمپیوٹر سافٹ فائلز تیار کرنے کے حوالے سے ضروری ہدایات:

(i) یہ بات ذہن نشین رہے کہ امیدوار داخلے کیلئے درخواست آن لائن پورٹل کے ذریعے بھرے اور جمع کرائے گا۔ اس لیے اس کے پاس ان تمام دستاویزات جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کی سافٹ کاپی کمپیوٹر یا موبائل میں محفوظ ہونی چاہیے۔

(ii) امیدوار تمام دستاویزات کی سافٹ فائل صرف JPG/JPEG فارمیٹ میں تیار کریں۔ اس مقصد کیلئے

CamScanner یا اس قسم کی دوسری ایپ کا استعمال کریں۔

(iii) کسی بھی دستاویز کا فائل سائز 2 ایم بی سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) تمام اوریجنل (original) دستاویزات کی تصاویر محفوظ کریں۔فوٹو کاپی کی تصاویر قابل قبول نہیں۔

(v) ہر دستاویز کی تصویر بالکل واضح ہونی چاہیے۔دھندلی یا پڑھی نہ جاسکنے والی دستاویزات مسترد کردی جائیں گی۔

(vi) ایسی دستاویزات جس کی دونوں سائیڈ پر یعنی آگے اور پیچھے پرنٹنگ ہو (جیسے کہ شناختی کارڈ، پاسپورٹ وغیرہ) ان کی دونوں سائیڈز کی الگ الگ فائل تیار کریں۔

(vii) ہر دستاویز کی فائل کو علیحدہ نام سے محفوظ کریں اور اپ لوڈ کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ درست دستاویز اپ لوڈ کررہے ہیں۔

(viii) تعلیمی اسناد کی تصدیق عموماً ان کی پچھلی سائیڈ پر کی جاتی ہے۔ایسی صورت میں اگلی اور پچھلی دونوں سائیڈ کی الگ الگ فوٹو اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

(ix) ایسی دستاویزات جو انگریزی یا اردو کے بجائے کسی اور زبان (مثلاً عربی، فارسی، چائنیز، سپینش، اٹالین وغیرہ) میں ہوں ان دستاویزات کے ساتھ ان کا آفیشل نوٹر آئزڈ/سرٹیفائیڈ انگریزی ترجمہ بھی اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

## یاد رہے!

درست دستاویز کو صحیح طریقے سے اپ لوڈ کرنا امیدوار کی اپنی ذمہ داری ہے۔غلط دستاویز جمع کرانے پر یا صحیح طریقے سے دستاویز اپ لوڈ نہ کرنے پر امیدوار کی درخواست بغیر کسی نوٹس کے مسترد کردی جائیگی جس کیلئے یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بتائے گئے طریقے کے مطابق اپنی دستاویزات بروقت تیار کرلیں۔دستاویزات کی فوٹو یا سافٹ فائلز تیار کرنے کیلئے کسی ماہر یا اپنے بڑے کی مدد لیں۔مزید برآں امیدواروں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ کوئی جعلی یا خود ساختہ دستاویز اپ لوڈ نہ کریں۔بصورت دیگر ان کی درخواست فوری طور پر مسترد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

مزید معلومات کیلئے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی آفیشل ویب سائیٹ (www.uhs.edu.pk) دیکھتے رہیں۔

**پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور**
وائس چانسلر
یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز
خیابان جامعہ پنجاب، لاہور
فون نمبر: 042-99231305-09